نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے جائزہ اجلاس

60لاکھ روئی کی گانٹھوں کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کارلائے جارہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:21جون2025() سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی موجودہ صورت حال بارے اجلاس منعقد ہوا، جس میں فصل کی نگہداشت اور پیداواری اہداف کے حصول پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے کہا کہ روئی کی 60 لاکھ گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کارلائے جارہے ہیں۔ انہوں نے فیلڈ رپورٹس کے حوالے سے کپاس کی موجودہ حالت کو تسلی بخش قرار دیا تاہم ضرررساں کیڑوں کے ہاٹ سپاٹس پر بروقت سپرے کرانے کی ہدایت کی تاکہ ان کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ پنجاب ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور عامر رسول نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی نگہداشت کے سلسلہ میں جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے تاکہ فصل کو ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چند علاقوں میں کپاس کی چنائی کا آغاز ہوچکا ہے اور جننگ ایسوسی ایشن نے فیکٹریاں جلد آپریشنل کرنے بارے آمادگی کا اظہار کیا ہے۔ علاوہ ازیں سیکرٹری زراعت نے کہا کہ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے سخت مانیٹرنگ کی جارہی ہے تاکہ کسانوں کو بروقت اور موثر سہولیات مہیا کی جاسکیں۔ اس ضمن میں کسان سہولت سنٹرز پر پیسٹی سائیڈز پر خصوصی ڈسکاونٹ فراہم کیا جارہا ہے اور وہاں روزانہ کی بنیاد پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کیا جارہا ہے تاکہ شفافیت برقرار رکھی جا سکے۔

☆☆☆☆